PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

کے پی کے وزیر کھیل کی چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی سے ملاقات

لاہور 11 جنوری 2024:

خیبر پختونخوا کے نگراں وزیر برائے کھیل، امور نوجوانان اور سائنس وانفار میشن ٹیکنالوجی ڈاکٹر نجیب اللہ مروت نے بدھ کی سہ پہر پی سی بی کے ہیڈ کوارٹرز قذافی اسٹیڈیم کا دورہ کیا اور پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی کے چیئرمین ذکا اشرف سے ملاقات کی۔

چیئرمین پی سی بی مینجمنٹ کمیٹی ذکا اشرف کا کہنا ہے کہ میری خیبر پختونخوا کے وزیر کے ساتھ مفید ملاقات ہوئی۔ پی سی بی نے صوبائی حکومت سے تاریخی ارباب نیاز اور حیات آباد اسٹیڈیم اور ریجن کے دیگر گراؤنڈز کی تحویل کے لیے درخواست کی ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے پی سی بی کو نہ صرف ہمارے کرکٹرز کو جدید سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملے گی بلکہ ریجن میں کرکٹ کی مجموعی ترقی میں بھی مدد ملے گی۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4